امام الانبیاء حضرت ابراہیمؑ کی زندگی کا مشن شرک سے برأت تھا

مسجد عزیزیہ میں ' یہ دور اپنے براہیم کی تلاش میں ہے ' پر ڈاکٹر سید اسلام الدین مجاہد کا خطاب

حیدرآباد، 20/جون ۔(پریس نوٹ) حضرت ابراہیمؑ کی ساری سرگزشت اس حقیقت کا انکشاف کرتی ہے کہ آپ کی زندگی کا مشن دعوت حق کی تبلیغ اور شرک کی آلائشوں سے انسانیت کو بچانا تھا۔ جب آپ اس پیغام حق کو لے کر نکلے تو سب سے پہلے خاندان کے لوگ ہی آپ کے دشمن ہوگئے ۔ پورا معاشرہ آپ کی مخالفت پر اُتر آیا۔ لیکن حضرت ابراہیمؑ اپنے فرض کو انجام دیتے رہے۔ وقت کے نمرود نے آپ کو اور آپ کی دعوت کو ہمیشہ کے لئے ختم کرنے کے لئے دہکتی ہوئی آگ میں آپ، کو ڈالا دیا لیکن اللہ تعالیٰ نے اپنی مشیت کے تحت اس آگ کو گلزار بنادیا۔ حضرت ابراہیمؑ کو اللہ تعالیٰ نے قدم قدم پر آزمایا اور جب آپ ساری آزمائشوں میں کامیاب ہوگئے تو آپ کو دنیا کا امام بنانے کا اعلان فرمایا۔ حضرت ابراہیمؑ کی سیرت میں اہل ایمان کی رہنمائی کے لئے کئی پہلو ہیں۔ لیکن افسوس کہ امت مسلمہ نے حضرت ابراہیمؑ کے مشن کو یاد نہیں رکھا اس لئے یہ امت امامت و قیادت کے منصب سے ہٹادی گئی اور غیروں کی سازشوں کا شکار ہوگئی۔ آج بھی اگر دنیا کے مسلمان سیدنا ابراہیمؑ کی انقلابی تعلیمات پر عمل پیرا ہوجائیں تو دنیا کا نقشہ بدل سکتا ہے اور ذلت و نکبت کا دور ختم ہوجائے گا۔ ان خیالات کا اظہار ڈاکٹر سید اسلام الدین مجاہد نے مسجد عزیزیہ، ہمایون نگر مہدی پٹنم میں جماعت اسلامی ہند، ناملپلی کے اجتماع عام سے بعنوان " یہ دور اپنے براہیم کی تلاش میں ہے " مخاطب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ ہر سال لاکھوں مسلمان فریضہ حج ادا کرتے ہیں اور کروڑں مسلمان عیدالاضحیٰ کے موقع پر قربانی دیتے ہیں لیکن ان سارے نیک کاموں کو کرنے باوجود کیابات ہے کہ مسلمانوں کے لئے راحت وسکون کی زندگی میسر نہیں ہورہی ہے۔ دنیا کے کئی ممالک میں ان کے لئے زمین کو تنگ کر دیا جا رہا ہے۔ اسلام کے خلاف باطل طاقتوں کا پروپگنڈا بڑھتا جا رہا ہے۔ یہ سب اس لئے ہو رہا ہے کہ مسلمانوں کی عبادتیں رسمی نوعیت کی ہو کررہ گئی ہیں۔ عبادت کی اصل روح غائب ہوگئی ہے۔ جب تک مسلمان اسلام کی حقیقی تعلیمات پر عمل پیرا نہیں ہوں گے نصرت الٰہی کے مستحق نہیں ہوں گے۔ حضرت ابراہیمؑ کے اسوہ سے یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ آپ نے انتہائی نازک ترین حالات میں بھی توحید خالص کا فریضہ انجام دیا اور پھر رضائے رب کے لئے اپنے فرزند حضرت اسمٰعیلؑ کو بھی خدا کی راہ قربان کرنے کا فیصلہ کیا۔ آج جبکہ فلسطین میں دنیا کی سب سے ظالم قوم معصوم فلسطینیوں پر ظلم وجبر کے پہاڑ توڑ رہی ہے اور دنیا خاموش تماشائی بنی بیٹھی ہے۔ نام نہاد مسلم ممالک کا بھی ضمیر نہیں جاگ رہا ہے۔ ایسے میں عید قربان کا پیغام یہی ہے کہ حق کے علمبردار باطل کے خلاف سیسہ پلائی ہوئی دیوار بن جائیں اور ہر قسم کے اندیشوں سے نکل کر حق پرستوں کے حامی و مددگار بن کر دنیا سے ظلم و بربریت کو ختم کرنے کا عزم اپنے اندر پیدا کریں۔ اسی لئے علامہ اقبال نے کہا تھا کہ " یہ دور اپنے براہیم کی تلاش میں ہے : صنم کدہ ہے جہاں لاالہ الا اللہ " آج بھی کلمہ توحید کی گونج سے باطل کے ایوان لرز سکتے ہیں اگر امت مسلمہ اس کی اہمیت و معنویت کو سمجھ کر یہ کلمہ حق بلند کرے۔ عیدالاضحیٰ کی روح یہی ہے کہ حق کے راستے میں امت قربانیوں کے تیار ہوجائے تو بادسموم کے جھونکے بند ہوجائیں گے۔ قرآن مجید کی تلاوت وترجمانی سے پروگرام کو آغاز ہوا۔ اجتماع میں مرد وخواتین کی کثیر تعداد موجود تھی۔

میدک میں مسلمانوں کی بے تحاشہ گرفتاریاں باعث افسوس

چیف منسٹر نے حالات کا جائزہ لینا اور دو حرف بولنا تک گوارہ نہ کیا!

حیدرآباد، 20/جون ۔(پریس نوٹ) جمعیت علماء تلنگانہ و آندھراپردیش کے صدر محترم حضرت مولانا مفتی غیاث الدین رحمانی قاسمی دامت برکاتہم نے میدک میں ہونے والی مسلمانوں کی بے تحاشہ گرفتاریوں پر شدید غم وغصہ کا اظہار کیا۔ انھوں نے کہا کہ پوری ویڈیوز اور تصاویر اس بات کی شاہد ہیں کہ مسلمانوں پر شدید ظلم کیا گیا, بے تحاشہ انہیں مارا پیٹا گیا, ان کے املاک کو نقصان پہنچایا گیا اور اس کے باوجود مسلمانوں کے خلاف پولیس انتظامیہ کیسز بک کرتی جارہی ہے اور مسلمانوں کو گرفتار کرتی جارہی ہے جو انتظامیہ کے جانبدارانہ رویہ کا مظہر ہے۔ ریونت ریڈی حکومت کا عجیب فلسفہ ہے کہ ظلم بھی مسلمان سہے اور گرفتار بھی اسے ہی کیا جائے؟۔ اس عید قرباں کے موقع پر جانوروں کی پولیس کی جانب سے غیر ضروری ضبطی کی وجہ سے تقریبا تین سو مسلمان اپنی قربانی ادا کرنے سے محروم رہے۔ انھوں نے کہا کہ تمام کے تمام جانور بیل تھے لیکن اس کے باوجود پولیس نے زبردستی اسے اپنے کنٹرول میں لیے رکھا اس سلسلہ میں جمعیت علما تلنگانہ کے جنرل سکریٹری مفتی محمود زبیر قاسمی مستقل انتظامیہ اور حکومت کو بات کرتے رہے ہمیشہ انہیں دو تین گھنٹوں میں بیل حوالہ کرنے کا تیقن دیا جاتا رہا، جبکہ بی جے پی کے ایم پی کے دورہ میدک کے بعد تو جانوروں کے پاس پولیس بڑھادی گ ء، اور مسلمانوں کو جانور حوالہ کرنے کی بس تسلی دی جاتی رہی، حتی کہ قربانی کے ایام گذر گئے ۔ چیف منسٹر ریونت ریڈی نے پانچ دن گزر جانے کے باوجود نہ تو حالات کا جائزہ لیا اور نہ ہی دو حرف بولنا اس مسئلہ پر گوارا کیا۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ انہیں مسلمانوں کے جذبات, ان کی خوشی اور عید، ان کے املاک و جانوں کی کوئی پرواہ نہیں ہے۔ اس موقع پر جمعیت علماء کے تلنگانہ و آندھراپردیش کے تمام ذمہ داروں نے کانگریس کے مسلم نمائندوں سے اپیل کی ہے کہ وہ فی الفور حرکت میں آتے ہوئے مسلمانوں کو انصاف دلانے کے لئے آگے آئیں ۔ سیاسی وابستگی سے زیادہ ایمانی وابستگی اہمیت رکھتی ہے۔ انھوں نے چیف منسٹر سے بھی مطالبہ کیا کہ وہ فی الفور پولیس انتظامیہ اور کلکٹر سے جواب طلب کرے اور جو خاطی عہدیدار ہیں جنہیں ویڈیوز میں دیکھا جاسکتا ہے جو شرپسند عناصر کو روکنے میں ناکام رہے ان کے خلاف فوری کارروائی کرتے ہوئے انہیں اپنی ڈیوٹیوں سے معطل کیا جائے۔

تلنگانہ کے حجاج کرام کی اتوار سے واپسی

مولانا خسرو پاشاہ صدرنشین حج کمیٹی کا دورہ شمس آباد ائیر پورٹ۔ حجاج کی آمد کا جائزہ

حیدرآباد، 20/جون ۔(ایس این بی) تلنگانہ اسٹیٹ حج کمیٹی کے ذریعہ روانہ ہونے والے حجاج کرام کی اتوار 23/جون کو پہلے طیارے سے ریاست تلنگانہ کے حجاج کرام کی شمس آباد ائیر پورٹ پر آمد کے پیش نظر مولانا سید غلام افضل بیابانی خسرو پاشاہ صدرنشین تلنگانہ اسٹیٹ حج کمیٹی، جناب شیخ لیاقت حسین ایگزیکیٹو آفیسر حج کمیٹی، جناب عرفان شریف اے ای او تلنگانہ، جناب محمد لئیق رکن تلنگانہ اسٹیٹ حج کمیٹی کے ہمراہ جمعرات 20/جون کو شمس آباد ائیر پورٹ کا تفصیلی جائزہ لیا۔ صدرنشین تلنگانہ اسٹیٹ حج کمیٹی کی کامیاب نمائندگی پر ایئر پورٹ اتھاریٹی نے حجاج کرام کے رشتہ داروں کیلئے مفت پارکنگ کی سہولتیں فراہم کی گئی ہیں۔ لیگیج ایریا میں حجاج کے سامان کی منتقلی اور حوالگی کے لئے مناسب بندو بست کیا گیا ہے۔ کسٹمس کلیرنس اور امیگریشن کے دوران حجاج کو سہولتوں کی فراہمی پر خصوصی توجہ دی گئی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ حجاج کرام کیلئے ٹرمنل کے اندر اور وزیٹرز کیلئے ٹرمنل کے باہر وضوخانے' ٹائیلٹس اور نمازگاہیں بنائی گئی ہیں۔ مولانا خسرو پاشاہ نے بتایا کہ ائیر پورٹ پر خواتین و حضرات حجاج کرام کیلئے نماز کی ادائیگی کیلئے علحدہ علحدہ وضوخانے و نمازگاہیں بنائی گئی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ 70 برس سے زائد عمر کے محفوظ زمرہ کے حجاج کرام کیلئے علحدہ اسپیشل کاؤنٹر قائم کیا گیا ہے۔ اور زم زم کے پانچ لیٹر کے بوتل کا بھی انتظام کیا گیا ہے۔ حضرت سید غلام افضل بیابانی خسرو پاشاہ صدرنشین تلنگانہ اسٹیٹ حج کمیٹی نے کہا کہ طیاروں کی آمد کے موقعہ پر حجاج اکرام کی سہولت کیلئے پرنس اسریٰ ہاسپٹل کے ڈاکٹروں اور پیرا میڈیکل اسٹاف کو متعین کیا جارہا ہے۔ حضرت سید غلام افضل بیابانی صدرنشین حج

کمیٹی نے کہا کہ موسم برسات کے پیش نظر وزیٹرز کے لئے بیرونی حصہ میں زیادہ سے زیادہ افراد کی گنجائش والے واٹر پروف ٹن شیڈ نصب کیئے گئے ہیں اور وزیٹرز کیلئے کرسیوں کا انتظام کیا گیا ہے اور عارضی کینٹین کا بھی انتظام کیا گیا ہے۔ غیر ملکی زرمبادلہ کاؤنٹر بھی رہیگا۔ اس دورہ میں حضرت سید غلام افضل بیابانی صدرنشین تلنگانہ اسٹیٹ حج کمیٹی کے ہمراہ جناب شیخ لیاقت حسین ایگزیکیٹو آفیسر تلنگانہ اسٹیٹ حج کمیٹی، جناب عرفان شریف اے۔ ای۔ او و جناب محمد لئیق رکن تلنگانہ اسٹیٹ حج کمیٹی کے علاوہ سعودی ائیر لائنس، جی ایم آر (ٹرمنل)، بی سی اے ایس، سی آئی ایس ایف و جناب جنید سالک ڈپٹی منتظم کسٹمس، جناب مشتاق منیجر سعودی ائیر لائنس، ائیر پورٹ کے ملازمین و تلنگانہ اسٹیٹ حج کمیٹی کے ملازمین موجود تھے۔

نماز جمعہ سے قبل خطاب

حیدرآباد، 20/جون ۔(راست) مسجد حسینی پہاڑ محمدی لین پر نماز جمعہ سے قبل مولانا مفتی ڈاکٹر سید شاہ محمد عبدالمستجب نقشبندی قادری کامل جامعہ نظامیہ کا خطاب ہوگا۔ نماز جمعہ ٹھیک 2 بجے ادا کی جائے گی۔

☆☆ جامع مسجد گلابی شاہ واقع سرور نگر میں 21/جون کو نماز جمعہ سے قبل مولانا حافظ ضیاء الحق خطیب وامام خطاب کرینگے۔ نماز 30-1 بجے ہوگی۔

☆☆ مولانا حافظ محمد ذاکر شاہ محی الدین قادری صاحب (ناظم مدرسہ شاہ جیلانؒ، حافظ بابا نگر) کا قبل نماز جمعہ مسجد احناف روہیل واڑی بارکس میں خطاب ہوگا۔ نماز جمعہ 30-1 بجے ہوگی۔

☆☆ حافظ وقاری مولانا غلام احمد قریشی مجددی نقشبندی القادری امیر انٹرنیشنل علم تحریک تحفظ سنیت بتاریخ 14/ذی الحجہ بروز جمعہ قبل نماز جمعہ جامع مسجد شیخہ حصہ اہلسنت و جماعت پھول باغ فاطمہ اویسی نگر اور مسجد حضرت ابوالحسنات سی بلاک حافظ بابا نگر میں خصوصی خطاب کریں گے۔

☆☆ مسجد قدوس بالاپور میں 21/جون قبل نماز جمعہ معتمد سراج العلماء اکیڈمی مولانا محمد زعیم الدین حسامی قدر رمضان کے عنوان پر خطاب کریں گے۔ نماز جمعہ 1:45 بجے ہوگی۔

☆☆ سکریٹری نشر و اشاعت کے مطابق مسجد ابراہیم (جی پی آر اے) کوارٹرس، پکی باؤلی میں نماز جمعہ سے قبل حافظ وقاری محمد موسیٰ رضوی کا خصوی خطاب ہوگا۔ نماز جمعہ 2:45 بجے ہوگی، بعد نماز جمعہ سلام حضور اقدسﷺ پیش کیا جائیگا۔

☆☆ مسجد محمودہ شاستری پورم میں بروز جمعہ 21/جون کو قبل نماز جمعہ ایک بجے مولانا محمد ریاض احمد قادری حسامی (ناظم مدرسہ اسلامیہ ریاض العلوم فلک نما) کا خطاب ہوگا۔ نماز جمعہ 1:45 بجے ہوگی۔

ماہانہ جشن پیرؒ

حیدرآباد، 20/جون ۔(راست) ماہانہ جشن پیرؒ 18/ذی الحجہ کو بعد نماز عشاء قیام گاہ پیر سید ابراہیم شاہ قادری خلیل واقع نزد چھوٹی مسجد مرادنگر میں مقرر ہے۔ جس میں محفل سماع ہوگی، پیر سید ابراہیم شاہ قادری خلیل نگرانی کریں گے۔

محفل ذکر درود شریف

حیدرآباد، 20/جون ۔(راست) محمد نعیم الدین خادم اصلاح معاشرہ کی اطلاع کے بموجب تنظیم اصلاح معاشرہ وازالہ منکرات (ہمہ مسالکی) کی جانب سے آج بروز جمعہ 21 جون محفل تزکیہ نفس، ذکر درود شریف، توبہ واستغفار خضرا کالونی الکاپور ٹولی چوکی میں منعقد ہے۔ ڈاکٹر تنظیم عالم قاسمی سرپرستی کریں گے۔ عامتہ المسلمین سے شرکت کی گذارش ہے۔

ماہانہ مجلس فیضان خواجہ مرزا محمد بیگؒ

حیدرآباد، 20/جون ۔(راست) ماہانہ مجلس فیضان حضرت خواجہ مرزا محمد بیگؒ واقع احاطہ درگاہ حضرت سردار بیگ قبلہؒ، آغا پورہ کمان بھوئی گوڑہ میں 15/ذی الحجہ بروز ہفتہ مقرر ہے۔ جس میں بعد مغرب محفل سماع ہوگی، مولانا شاہ محمد کلیم اللہ شاہ چشتی مرزائی سجادہ نشین نگرانی کرینگے۔

مجلس عزا سید شہدائے حضرت امام حسینؑ

حیدرآباد، 20/جون ۔(راست) سید کبیر حسین، سید کیف حسین نے اطلاع دی ہے کہ مجلس عزا آغا علی رضا مرحوم کی برسی بتاریخ 21/جون بوقت 2:30 بجے دن بمکان محمد علی سلطان پورہ نور خانہ بازار میں مجلس عزا مقرر ہے جس میں سید کبیر حسین، زاہد علی، سید مصطفیٰ حسین رضوی، سید کیف حسین مرثیہ خوانی کرینگے اور تمام مومنین سے شرکت کی اپیل کی ہے۔

محفل درس قرآن وذکر

حیدرآباد، 20/جون ۔(راست) محفل درس قرآن مجید مع تجوید وترجمہ وذکر الٰہی جہری وقلبی ہر اتوار کو بعد نماز عشاء بقیام گاہ مولانا قاری سید احسن الدین ربانی واقع ٹولی چوکی مقرر ہے۔

محفل نعت پاکﷺ و ماہانہ فاتحہ

حیدرآباد، 20/جون ۔(راست) محفل نعت پاکﷺ ومناقب بضمن ماہانہ فاتحہ حامی شریعت رہبر طریقت حضرت الحاج الحافظ پیر سید احمد علی شاہ المعروف حضرت پیر جی قبلہ ابوالعلائیؒ و پیر طریقت حضرت مولانا الحاج صوفی سید شاہ افتخار محی الدین قادری ابوالعلائی المعروف حضرت افتخار پاشاہ قبلہؒ بتاریخ 16/ذی الحجہ مطابق 23/جون 2024 بروز اتوار بعد نماز عشاء بمقام آستانہ حضرت پیر جی قبلہ ابوالعلائیؒ روبرو بس اسٹانڈ چارمینار، پنچ محلّہ، حیدرآباد زیر نگرانی مولانا سید شاہ عثمان محی الدین قادری ابوالعلائی المعروف علی پاشاہ سجادہ نشین و متولی آستانہ عالیہ ابوالعلائیہ منعقد ہوگی ۔ جس میں صرف مدعو نعت گو و نعت خواں حضرات ہی کلام سنائیں گے، نظامت کے فرائض نعت گو شاعر عبدالقیوم علیم انجام دیں گے۔ سید شاہ دستگیر پاشاہ قادری ابوالعلائی نے مریدین، معتقدین و عامتہ المسلمین سے شرکت کی خواہش کی ہے۔

محفل درود شریف وحلقہ ذکر

حیدرآباد، 20/جون ۔(راست) خانقاہ صوفیہ ابوالعلائیہ منڈی میر عالم اندرون کمان ایلچی بیگ میں بروز اتوار رات، صبح ساڑھے گیارہ بجے، ہفتہ واری محفل درود شریف وحلقہ ذکر منعقد ہے۔ مولانا صوفی ارشد چشتی ابوالعلائی (سجادہ نشین خانقاہ صوفیہ ابوالعلائیہ، منڈی میر عالم) حلقہ ذکر کروائیں گے۔ عامتہ المسلمین سے شرکت کی خواہش کی گئی ہے۔

ایک شام احباب کے نام کل ہند مشاعرہ

حیدرآباد، 20/جون ۔(راست) ایک شام احباب کے نام کل ہند مشاعرہ کا انعقاد 29 جون، بروز ہفتہ، بمقام خواجہ شوق ہال، اردو مسکن، خلوت میں عمل میں لایا جارہا ہے۔ سردار سلیم صدارت کریں گے۔ مہمان خصوصی کی حیثیت سے قاضی رضوان الرحمٰن صدیقی (گلبرگہ شریف) شرکت کریں گے۔ میزبان شعراء وشاعرات قمر سرور (احمد نگر)، انجم عروج (ناگپور)، پرمیلا کرن (اٹارسی)، نسرین حمزہ علی (بیدر)، کریم الدین سدھارتھ نگری (ممبئی)، فضل تمنا پوری (گلبرگہ)، فاروق ساحل (تانڈور)، قیوم یاور (تانڈور)، مسرور نظامی (بسوا کلیان)، مقیم باگ (بسوا کلیان)، ڈاکٹر نوید عبدالجلیل (ظہیرآباد)، فیاض علی سکندر (سدا سیوپیٹ) ہوں گے جبکہ مہمان شعراء وشاعرات کی حیثیت سے شاعر خلیج جلیل نظامی، سیف نظامی، عارف سیفی، وحید پاشاہ قادری، سمیع اللہ سمیع، مہک کیرانوی، طیب پاشاہ قادری، پروفیسر عبدالسمیع صدیقی نعیم، صبیحہ تبسم اور رفیعہ نوشین شرکت کریں گے۔ نظامت کے فرائض ڈاکٹر معین افروز انجام دیں گے۔ کنوینر مشاعرہ شکیل ظہیرآبادی نے محبان اردو سے شرکت کی گذارش کی ہے۔

ایک شام سُہیل بھداوری کے نام

حیدرآباد، 20/جون ۔(راست) تنظیم گیت چاندنی کی جانب سے ایک شام سُہیل بھداوری کے نام کوی سمیلن (دہلی) بمکان راجکمار یادو، روبرو لنگیا ٹفن سنٹر، ملے پلی منعقد کیا جارہا ہے۔ صدارت گیت چاندنی کے صدر چمپا لال بید کریں گے۔ گیت چاندنی کے سکریٹری گوئندا اکشے نظامت کریں گے۔ کبیر جینتی کے موقع پر سنت کبیر داس پر ٹھاکر دنیش سنگھ خیالات کا اظہار کریں گے۔ اس موقع پر ہندی اور اردو کے شعراء قومی یکجہتی، بھائی چارگی اور زندگی کے مختلف موضوعات پر اپنا کلام پیش کریں گے۔

تربیتی اجتماع ومحفل ذکر

حیدرآباد، 20/جون ۔(راست) عبدالصمد عمر کی اطلاع کے بموجب بروز اتوار ہفتہ وار تربیتی تنظیمی اجتماع تنظیم اصلاح معاشرہ وازالہ منکرات (ہمہ مسالکی)، اصلاح معاشرہ لائبریری، متصل قطب شاہی مسجد قلعہ گولکنڈہ میں 12 بجے دن منعقد ہے۔ مولانا عبدالرزاق ودیگر ذمہ داران خطاب کریں گے۔

حضرت سید علیم الدین شرفیؒ کی

سالانہ فاتحہ طرحی نعتیہ ومنقبتی مشاعرہ

حیدرآباد، 20/جون ۔(راست) حضرت سید علیم الدین حسینی رضوی قادری شرفیؒ کا 34 ویں عرس مبارک حسب نظام العمل منعقد شدنی ہے، روزہ اول 16/ذی الحجہ مطابق 23/جون بروز اتوار بعد نماز مغرب غسل شریف، جلسہ حسن قرأت، روزہ دوم 17/ذی الحجہ مطابق 24/جون بروز پیر بعد نماز عشاء صندل مالی، جلسہ فیضان اولیاء، محفل نعت بعد ازاں سالانہ طرحی نعتیہ ومنقبتی مشاعرہ بطرح " حج کا موسم ہے علیم قادری کی یاد میں " (قافیہ: آباد، شاد) بمقام بارگاہ شرفی چمن سبزی منڈی، زیر نگرانی پیر طریقت حضرت مولانا سید شاہ محمد رفیع الدین حسینی رضوی قادری شرفی سجادہ نشین حضرت علیم الدین شرفیؒ منعقد ہوگا، مدعو شعرائے کرام، اہل سلسلہ وباذوق سامعین سے شرکت کی خواہش ہے۔

ورزش کے ذریعہ بیماریوں کا علاج

حیدرآباد، 20/جون ۔(راست) اعظم فنکشن ہال مغلپورہ میں صبح 6:30 بجے تا 8 بجے زیر نگرانی ماہر جسمانی ورزش جناب محمد ابراہیم جیلانی مختلف بیماریوں، موٹاپا، شوگر جوڑوں کا درد، کمر درد، گردن درد، تھائیرائیڈ، ذہنی دباؤ، قبض وغیرہ کو دور کرنے کے لئے احتیاطی تدابیر کے طور پر ورزش کروائی جاتی ہے۔ مزید تفصیلات کیلئے 9963142863 پر حاصل کرسکتے ہیں۔

جڑی بوٹیوں کے پارک کا قیام

حیدرآباد، 20/جون ۔(ایس این بی) تلنگانہ میڈیسنل پلانٹس بورڈ نے جو محکمہ صحت و خاندانی بہبود کے تحت کام کرنے والا ایک ادارہ ہے اس کی جانب سے عزیز نگر ضلع رنگاریڈی میں جڑی بوٹیوں کا پارک قائم کیا جارہا ہے جس کا نام بائیو سائن میڈیکا۔ ہیلت سنٹر رہے گا۔ وزیر صحت سی دامودر راجہ نرسمہا کی جانب سے چہارشنبہ کو منعقدہ جائزہ اجلاس میں یہ بتایا گیا کہ جڑی بوٹیوں کے پارک کا ڈیزائن اس لئے بنایا گیا ہے تاکہ قیمتی جڑی بوٹیوں کی اقسام کا تحفظ کیا جاسکے اور ساتھ ہی ساتھ تعلیم وتحقیق و دریافت، حیاتیاتی تنوع میں اضافہ، صحت وتندرستی اور تہذیب وثقافت کے مقاصد کی تکمیل ہوسکے۔ وزیر موصوف نے بتایا کہ پارک میں 38 باغات رہیں گے۔ جہاں زائد از 1200 جڑی بوٹیوں کی اقسام رہیں گی۔

گاڑیوں کا لائف ٹیکس ادانہ کرنے والوں کے خلاف مہم

حیدرآباد، 20/جون ۔(ایس این بی) محکمہ ٹرانسپورٹ تلنگانہ کی جانب سے ان گاڑیوں کے مالکان کے خلاف وہپ جاری کرنے کیلئے تیاریاں کی جارہی ہیں جنہوں نے لائف ٹیکس ادا نہیں کیا ہے۔ محکمہ کے ایک عہدیدار کے بموجب موٹر وہیکل انسپکٹرس کو متعین کیا جائے گا، جو دوسری ریاستوں کی گاڑیوں کی چیکنگ کریں گے۔ قواعد کے مطابق دوسری ریاست کی گاڑی کیلئے جس کو تلنگانہ کی سڑکوں پر 30 دن سے زیادہ مدت کیلئے چلایا جارہا ہو لائف ٹیکس ادا کرنا ضروری ہوگا جس کا شمار گاڑی کی عمر کے لحاظ سے کیا جائے گا۔

12 ریلوے ملازمین کو سیفٹی ایوارڈس

حیدرآباد۔ 20/جون (نیوز کلب) جنرل منیجر ساؤتھ سنٹرل ریلوے ارون کمار جین نے 12 ملازمین کو " میان آف " دی منتھ " ، " سیفٹی " ایوارڈس پیش کیا جن میں سکندرآباد اور گنتکل ڈیویژنس کے 3'3 ملازمین، وجئے واڑہ اور گنٹور ڈیویژنس کے 2'2 ملازمین اور حیدرآباد و ناندیڑ ڈیویژنس کے ایک ایک ملازم شامل ہیں۔ ان کو یہ ایوارڈس زون میں ڈیوٹی پر رہنے کے دوران چوکسی اور جذبہ وقف کے مظاہرہ پر منگل کے دن ریل نلائم میں سیفٹی ریویو میٹنگ میں عطا کئے گئے ۔ ان ملازمین کا مختلف زمرہ جات جیسے لوکو پائلنس، اسٹیشن ماسٹرس، ٹیکنیشنس، پوائنٹس میان، کی رگیٹ میان اور مینٹیننس سے تعلق ہے۔

فصل قرض معافی اسکیم

حکومت تلنگانہ تمام مستحق کسانوں کو فائدہ پہونچانے کی خواہاں

حیدرآباد۔ 20/جون (نیوز کلب) چونکہ 2 لاکھ روپے تک فصل قرض معافی پر عمل آوری کیلئے آخری تاریخ تیزی کے ساتھ قریب آرہی ہے حکومت تلنگانہ مختلف آپشنس کا جائزہ لے رہی ہے تاکہ تمام اہل و مستحق کسانوں اور بالخصوص چھوٹے اور جزوی کسانوں کو جن کے پاس پانچ ایکر سے کم زرعی اراضی ہے اس اسکیم سے فائدہ پہونچایا جاسکے۔ حکومت پی ایم کسان سمان یوجنا کے رہنمایانہ خطوط پر سرگرمی کے ساتھ غور کررہی ہے تاکہ منتخبہ نمائندوں، ریاستی و مرکزی سرکاری ملازمین اور ٹیکس دہندگان کو فائدہ سے مستثنیٰ قرار دیا جاسکے۔ ساری ریاست میں زائد از 40 لاکھ کسان ہیں اور پی ایم کسان سمان یوجنا رہنمایانہ خطوط پر عمل آوری سے ان کی تعداد گھٹ کر 32 لاکھ کے لگ بھگ ہوجائے گی۔

جامع مسجد عالیہ کے تاریخ اسلام لکچرس سیریز کی سلور جوبلی تقریب

مقررین اور سامعین کی انتظامی کمیٹی کی جانب سے قدر افزائی

حیدرآباد، 20/جون ۔(راست) جامع مسجد عالیہ، گن فونڈری میں جناب غلام یزدانی، سینئر ایڈوکیٹ کی خصوصی دلچسپی وسرپرستی میں 25 سال پہلے (سن 2000) تاریخ اسلام لکچرس سیریز کا آغاز ہوا۔ ابتداء میں یہ لکچرس مسجد کے گوشہ میں واقع لائبریری میں ہوتے رہے جب شرکاء کی تعداد بڑھنے لگی تو مسجد کے سیلر میں موجود کانفرنس ہال میں یہ لکچرس ہونے لگے۔ تاریخ اسلام لکچرس دینے والوں میں شہر اور بیرون ملک کی کئی اہم علمی شخصیات رہیں ہیں۔ ان لکچرس کی شہرت عالمی سطح پر ہونے لگی اور بیرون ممالک میں مقیم احباب بھی فیس بک اور یوٹیوب کے ذریعہ ان سے استفادہ کرتے رہے ہیں۔ ابتدائی دور میں ان لکچرس کو ٹیپ ریکارڈ کے ذریعہ محفوظ کیا جاتا رہا۔ لیکن اب لکچرس کے ویڈیوز تیار کئے جارہے ہیں۔ حیدرآباد کے تمام اخبارات کا ان لکچرس کی تشہیر میں غیر معمولی رول رہا اور اب بھی حیدرآباد کے روزنامے پابندی سے اپنا تعاون دے رہے ہیں۔ 11 جون بروز منگل جناب غلام یزدانی، سرپرست دینی محافل، مسجد عالیہ کی صدارت میں تاریخ اسلام لکچرس کی سلور جوبلی تقریب بڑے خوبصورت انداز میں منائی گی۔ اس یادگار موقع پر مقررین کو تہنیت پیش کی گئی اور لکچرس میں پابندی سے شرکت کرنے والوں کو ہمت افزائی کے طور پر سرٹیفکیٹ دئے گئے۔ اس موقع پر شہر کی نمائندہ شخصیتیں بھی موجود تھیں۔ دیگر مقررین کے ساتھ ڈاکٹر سید اسلام الدین مجاہد، سابق اسوی ایٹ پروفیسر سیاسیات کی جناب غلام یزدانی صاحب نے شال پوشی کی اور مومنٹو پیش کیا۔ ڈاکٹر سید اسلام الدین مجاہد نے گزشتہ 22 سال کے دوران 300 سے زائد تاریخ اسلام کے لکچرس دئے ہیں۔ اس کا سارا ریکارڈ ذمہ داران کے پاس تاریخ واری موضوعات کے ساتھ موجود ہے۔ اس موقع پر مختصر اظہار خیال کرتے ہوئے ڈاکٹر سید اسلام الدین مجاہد نے منتظمین کو مشورہ دیا کہ ان لکچرس کی افادیت اور اہمیت کے پیش نظر اس کو مزید منظم انداز میں منعقد کیا جائے تو اس کے مفید نتائج نکل سکتے ہیں۔ اس کے لئے تشہیر کے جدید ذرائع اختیار کئے جائیں ۔ تاریخ اسلام کے لکچرس شہر اور اضلاع کی مساجد کے علاوہ اسکولس، کالجس، اور دینی مدارس میں بھی رکھنے کی ضرورت ہے تاکہ ملت اسلامیہ کے نوجوان اسلام کی شاندار تاریخ اور اپنے اسلاف کے کارناموں سے واقف ہوسکیں۔

تلنگانہ الکٹرسٹی ریگولیٹری کمیشن
پانچویں منزل، سنگارینی بھون، ریڈ ہلز، حیدرآباد۔004 500، تلنگانہ

پبلک نوٹس

سال 06-2005 تا 15-2014 کے لیے عائد کیے جانے والے تمام کراس سبسڈی سرچارج کے تعین کے معاملے میں تلنگانہ الکٹرسٹی ریگولیٹری کمیشن تلنگانہ معزز تلنگانہ ہائی کورٹ کی جانب سے جاری کردہ 2018 کے W.P.No.21936 اور دیگر میں 12.02.2020 کے مشترکہ حکم میں دی گئی ہدایات کے مطابق 26.06.2024 (بدھ) کو صبح 11.00 بجے سے TGERC کے کورٹ ہال میں عوامی سماعت کرنے کا ارادہ رکھتا ہے۔

مقام: حیدرآباد، مورخہ 19-06-2024

شرحدستخط: کمشنر سکریٹری

R.O.No.94-PP/CL/AGENCY/ADVT/1/2024-25

بزم جانثاران مصطفیٰ کے زیر اہتمام نعتیہ مشاعرہ وعید میلاپ

حیدرآباد، 20/جون (راست) بزم جانثاران مصطفیٰ کے زیر اہتمام ماہانہ غیر طرحی نعتیہ مشاعرہ وعید میلاپ تقریب 21 ذی الحجہ مطابق 28/جون بروز جمعہ بعد عشاء، بمقام چندولال بارہ دری نزد رینبو اسکول مقرر ہے۔ معتمد بزم الحاج محمد ہارون ابوبکر قادری نقشبندی کے مطابق مشاعرے کی سرپرستی الحاج احمد محی الدین قادری الجیلانی صدر بزم اور نگرانی پیر طریقت مولانا سید شاہ محمد رفیع الدین چشتی رضوی قادری شرفی سجادہ نشین درگاہ حضرت علیم الدین شرفیؒ کریں گے۔ مشاعرے کا آغاز قاری انیس احمد شرفی کی قرآت اور قاری اسد اللہ شریف کی نعت سے ہوگا۔ سردار سلیم فرید سحر ڈاکٹر طیب پاشاہ قادری ارشد شرفی اطیب طاہر رومانی حافظ وجیہ اللہ سبحانی مہمان خصوصی ہونگے ۔ انکے علاوہ اکبر خان اکبر سلطان سعید تاج مفطر ورنگل، حافظ شمس الدین زماں زاہد ہریانوی، نور الدین امیر ابراہیم خاں ایاز جنید پرواز، سید سہیل عظیم، ثناء اللہ انصاری وصفی شکیل حیدر، سید ماجد علی خلیل شرفی قاضی عظمت اللہ جعفری نوری، جہانگیر قیاس، مفتی اختر ضیاء شرفی سراج یعقوبی اسماعیل قدیر لطیف الدین لطیف تشکیل انور رزاقی منش حیدرآبادی گوبند اکشے عبدالقیوم علیم، عبدالقدیر قادری قدیری و دیگر کلام سنانے کی سعادت حاصل کریں گے جبکہ مولانا زعیم الدین حسامی معتمد سراج العلماء اکیڈیمی بعنوان پیام عید سے مخاطب کرینگے۔ میمن آصف رضوی کے سلام بحضور خیرالانام مشاعرہ وعید ملن تقریب کا اختتام عمل میں آئیگا۔

شیعہ فرنٹ آف سوسائٹی کا عاشور خانوں

اور چھلہ کے پاس معقول انتظامات کرنے کا مطالبہ

حیدرآباد، 20/جون (راست) سید دلاور حسین جنزل سکریٹری شیعہ فرنٹ آف سوسائٹی نے حیدرآباد اور سائبر آباد کے کمشنر پولیس حیدرآباد اور رنگاریڈی اضلاع کے کلکٹرس، کمشنر بلدیہ حیدرآباد فائر سرویس کے ڈائرکٹرس، محکمہ آبرسانی کے ڈائرکٹرس محکمہ وقف بورڈ اور محکمہ آرکیالوجی اور نہروز والوجیکل پارک کی کیوا سٹیر سے ماہ محرم کے دوران عاشور خانوں اور چھلوں کے پاس معقول انتظامات کرنے کا کمشنر پولیس سے پرزور مانگ کی اور عاشور خانوں کے پاس پولیس پکٹ بٹھانے کا بھی مطالبہ کیا۔ حیدرآباد اور رنگاریڈی اضلاع کے کلکٹرس سے بھی ماہ محرم کی آمد سے قبل عاشور خانوں اور چھلوں کا دورہ کرتے ہوئے عاشور خانوں اور چھلوں کی درستگی اور آہک پاشی کے کام شروع کروانے کا مطالبہ کیا اور کمشنر بلدیہ حیدرآباد سے بھی عام عاشور خانوں اور چھلوں کے راستوں اور سڑکوں کو درست کروانے گڈھے بند کروانے اور سڑکوں کی مرمت کرنے کرنے کی خواہش کی ۔ عاشور خانوں کے پاس موبائیل ٹائلٹس کا بھی انتظام کرنے کا مطالبہ کیا۔ محکمہ آبرسانی کے ڈائرکٹر سے بھی عاشور خانوں اور چھلوں کے پاس پانی کے پاکٹ مفت تقسیم کرنے کیلئے کیمپ لگانے کا بھی مطالبہ کیا۔ محکمہ فائر سرویس کے، ڈائرکٹر سے الاوہ بی بی بادشاہی عاشور خانہ ۔ بارگاہ عباس دیوان دیوڑھی، الاوہ سرطوق دار الشفاء کے پاس فائر انجن رکھنے کا مطالبہ کیا۔ وقف بورڈ کے سی ای او سے مختلف مقامات سے آنے والے زائرین کے قیام کیلئے حج ہاؤز اور مختلف اسکولس جو دار الشفاء اور نور خاں بازار میں ہیں دس دنوں کے لئے وہاں پر زائرین کیلئے انتظامات کریں اور چھ والینٹرس کا بھی بندو بست کریں اور آرکیالوجی کے عہدیداروں سے بھی قدیم عاشور خانوں کی آہک پاشی کرنے اور ٹریفک پولیس کے ڈی سی پی سے بھی عاشور خانوں کے پاس زائرین کی سہولت کیلئے ٹریفک جوان تعینات کرنے کا مطالبہ کیا۔

دینی درسگاہ محبوبیہ اسلامی اسکول

دبیر پورہ کو چرم قربانی پر اظہار تشکر

حیدرآباد، 20/جون ۔(راست) قاری محمد دستگیر خاں قادری (ناظم مدرسہ) کے بموجب عیدالاضحیٰ کے موقعہ پر چرم قربانی مدرسہ ہذا کو دینے والوں، اہلیان محلّہ و اہل خیر حضرات مرد وخواتین کا انتظامی کمیٹی کے ارکان ڈاکٹر سید شاہ یوسف حسین قادری (صدر)، مولوی حافظ محمد عبدالسلطان، فتح محمد، محمد ابوتراب خاں، سید حسن شریف اور محترمہ ثمرین ایوب، مسرت فاطمہ نے ان تمام حضرات کا شکریہ ادا کیا ہے اور آئندہ بھی مدرسہ کا تعاون کی خواہش کی اور اللہ تعالیٰ سے دعا ہیکہ تمام چرم دہندگان کے روزگار میں برکت عطا فرمائیں اور دینی و دنیوی مقاصد میں کامیابی عطا فرمائے۔ آمین۔

مسجد کیلئے تعاون کی اپیل

حیدرآباد، 20/جون ۔(راست) مسجد باؤلی زیبا باغ آصف نگر، حیدرآباد کا دو سال سے تعمیری کام جاری ہے اہل خیر حضرات کے تعاون سے تقریباً کام ہو چکا ہے اور کچھ کام کی تکمیل باقی ہے جس میں لفٹ، مینار، دوسرے فلور پر پلاسٹنگ، مین گیٹس و دیگر کام باقی ہے ۔ اہل خیر حضرات سے مقدس ماہ ذوالحجہ میں اللہ کے گھر کیلئے تعاون فرما کر ثواب دارین حاصل کرنے کی گذارش ہے ۔ صدر کمیٹی محمد مقبول احمد 9394633976 اور معتمد کمیٹی ڈاکٹر محمد غلام رسول صدیقی 9440230754 سے ربطکر سکتے ہیں ۔ بینک اکاؤنٹ Union Bank Asif Nagar Branch, A/C No: 456102010069644, IFSC : UBIN0545619 میں جمع کرسکتے ہیں۔

ڈی وارمنگ ڈے کے موقع پر طلبہ کو گولیاں مفت کھلائی گئیں

کھانے سے قبل ہاتھ اچھی طرح دھونے کا مشورہ۔ چارمینار منڈل میں ڈاکٹر فرح ناز و محمد حسام الدین کا خطاب

حیدرآباد، 20/جون ۔(پریس نوٹ) اسکولس وکالجس کے طلباء وطالبات اور ایک تا 19 سال کے دیگر بچوں کو بھی پیٹ کے کیڑوں سے محفوظ رکھنے کی غرض سے حفظ ماتقدم کے تحت ریاست تلنگانہ میں نیشنل ڈی وارمنگ ڈے منایا گیا اور ALBENDA ZOLE نامی گولیاں مفت کھلائی گئیں سرپرستوں اور عوام نے ان TABLETS کی مفت سربراہی پر اظہار اطمینان کرتے ہوئے اسے عوامی فلاح وبہبود کا بہترین اقدام قرار دیا مختلف پرائمری اور ہائی اسکولس میں ارکان اسمبلی' کارپوریٹرس اور فلاحی تنظیموں کے سربراہان ودیگر ذمہ داران کے علاوہ ڈاکٹرس' پیرامیڈیکل اسٹاف اور آشاورکرس نے بڑھ چڑھ کر حصہ لیا چارمینار' سعید آباد' بہادر پورہ بنڈلہ گوڑہ' ناملپلی' گولکنڈہ خیریت آباد' عنبرپیٹ' آصف نگر' حمایت نگر' ماریڈ پلی' مشیرآباد' سکندرآباد' شیخ پیٹ' ترملگیری منڈلس کے علاوہ تمام اضلاع کے سرکاری امدادی' اور خانگی اسکولس وکالجس میں بڑے پیمانہ پر ان گولیوں کو مفت کھلایا گیا۔ چارمینار منڈل میں گورنمنٹ گرلز پرائمری اسکول دبیر پورہ واقع مرتضیٰ نگر چمن املی بن یاقوت پورہ اور جی بی پی ایس املی بن یاقوت پورہ میں طلباء وطالبات کو گولیاں کھلانے کے بعد منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے میڈیکل آفیسر اربن پرائمری ہلت سنٹر یاقوت پورہ 1 ڈاکٹر فرح ناز نے کہا کہ بچوں کو پیٹ کے کیڑوں سے بچانے کی غرض سے ہر سال دوبار قومی مشن کے تحت ریاست تلنگانہ میں بھی یہ پروگرام ہوتا ہے۔ والدین کو چاہیئے کہ وہ بچوں کی صحت سے متعلق ہر حفاظتی انتظام پر سختی سے توجہ دیں۔ علاوہ ازیں بچوں کے ناخنوں پر نظر رکھیں اس میں میل جمع ہوجانے سے انفکشن ہوتا ہے ناخن بڑھنے نہ دیں۔ جناب محمد حسام الدین ہیڈ ماسٹر جی جی پی ایس دبیر پورہ اور انچارج جی بی پی ایس املی بن محترمہ سیدہ احمدی مسرت نے کہا کہ بچوں کو پیٹ کے کیڑوں سے محفوظ رکھنے کیلئے حکومت تلنگانہ بالخصوص محکمہ صحت کی یہ کوششیں قابل قدر و قابل ستائش ہیں۔ جناب محمد حسام الدین نے بتایا کہ 20/جون کو جو بچے یہ گولی نہ کھا سکے ان کیلئے دوبارہ 27/جون کو حکومت کی طرف سے یہ گولیاں مفت کھلائی جائیں گی۔ ہم اپنے بچوں کی پرورش نگہداشت کریں گے تو بچے ہر قسم کی بیماریوں سے محفوظ اور رقومات کے خرچ سے بھی بچ سکتے ہیں اس موقع پر معلمات محترمہ عائشہ صدیقہ' محترمہ عابدہ پروین' محترمہ نازیہ اکبر' محترمہ شبانہ بیگم' محترمہ فہیم النساء' محترمہ حمیرہ فرحین کے علاوہ ڈاکٹر شافیعہ (بستی دواخانہ مرتضیٰ چمن املی بن یاقوت پورہ) بی سورنا لتا پی ایچ این' شبانہ بیگم ایم پی ایچ اے ڈبلیو' احمدی بیگم آشاورکر' ثمینہ النساء آشاورکر اور دوسرے موجود تھے۔

اکاؤنٹنگ پیاکیجس آٹوکیڈ اور کمپیوٹر کی مفت کوچنگ کلاسس

حیدرآباد، 20/جون ۔(پریس نوٹ) طلبہ وطالبات کیلئے جو کہ SSC، Inter پاس یا فیل اور ملازمت کے متلاشی ہوں اور انہیں ہنرمند و خود مکتفی بنانے کیلئے اور ملازمت سے آراستہ کرنے کیلئے عصری پروفیشنل کمپیوٹر ووکیشنل کورسس کا مفت اہتمام کیا گیا ہے۔ جس میں کمپیوٹر سائنس اور انجینئرنگ، کمپیوٹر ہارڈویر، ڈی ٹی پی، آٹو کیڈ، ایم ای پی، کمپیوٹر اکاؤنٹنگ پیاکیجس، ایم ایس آفس ڈیٹا انٹری، اے ڈی سی اے، پی جی ڈی سی اے اور اسکل ڈیولپمنٹ کلاسس، اسپوکن انگلش کی تربیت بھی شامل ہے۔ خواتین وطالبات کیلئے علیحدہ کلاسس کا نظم رہے گا اور اس کے ساتھ مزید 10 کورسس شامل ہیں۔ ایس ایس سی، انٹر، ڈگری میں جو طلبہ ناکام ہوں اپنی تعلیم جاری رکھنے کیلئے ون سٹنگ کی سہولت سے تعلیم جاری رکھ سکتے ہیں۔ مزید معلومات کیلئے ٹائمس کالج چارمینار، اندرون بس اسٹانڈ پر صبح 9 بجے سے شام 7 بجے تک 8367303473 پر رابطہ کرسکتے ہیں۔